37968-کفارہ قسم کی نیت سے روزہ افطار کروانا

سوال

کیا قسم کے کفارہ کی نیت سے روزہ افطار کروانا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

جی ہاں ایسا کرنا جائز ہے لیکن اس میں ایک شرط ہے کہ روزہ دار مسکین ہونا چاہیئے کیونکہ اللہ تعالی نے قسم کے کفارہ میں فرمایا ہے :

{اللہ تعالی تمہاری لغو قسموں پر تم سے مؤاخذہ نہیں فرماتا لیکن مؤاخذہ اس پر فرماتا ہے کہ تم جن قسموں کو مضبوط کرلو اس کا کفارہ دس محتاجوں کو اوسط درجہ کا کھانا دینا ہے جو تم اپنے گھروالوں کو کھلاتے ہو یا ان کو کپڑے دینا ہے یا ایک غلام آزاد کرنا ہے} المائدۃ (89) ۔

لھذا قسم کے کفارہ میں کھانے کے لیے مسکین ہونا شرط ہے ۔

اور اس پر متنبہ رہنے چاہیے کہ قسم کے کفارہ میں دس مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے جیسا کہ مندرجہ بالا آیت میں موجود ہے لھذا ایک ہی مسکین کو دس بار کھلانا صحیح نہیں ۔

دیکھیں المغنی لابن قدامۃ المقدسی (513/13) ۔

واللہ اعلم .